# آرٹی آئی کمپلینٹ / اپیل دائر کرنے کی ہدایات

- کسی پی آئی او یا پبلک باڈی کے خلاف کمیشن کے روبرو آرٹی آئی کمپلینٹ / اپیل بذریعہ ای میل، رجسٹرڈ پوسٹ یا دستی دائر کی جاسکتی ہے۔
- ای میل کے لیے کمیشن کو آرٹی آئی کمپلینٹ یا اپیل ای میل ایڈریس (pic.info.pk@gmail.com) پر ارسال کی جاسکتی ہے۔
- رجسٹرڈ پوسٹ کے لیے کمیشن کا پتہ "64 نرسری لین، لارنس روڈ، نزد چائنہ چوک لاہور" استعمال کریں۔
- دستی دائر گی کی صورت میں کمیشن کے عملے سے رسید (Acknowledgment Receipt) ضرور وصول کریں۔
- مذکورہ بالا تینوں صورتوں میں آرٹی آئی کمپلینٹ یا اپیل کے ہمراہ متعلقہ پی آئی او یا محکمہ کے سربراہ کو دائر شدہ آرٹی آئی درخواست کی نقل اور رسید دائر گی لف کرنا لازم ہے۔
- مذکورہ بالا آرٹی آئی درخواست مطلوبہ معلومات کی کسٹڈی (custody) کے حامل دفتر کے پی آئی او یا دفتری سربراہ کو دائر شدہ ہونے کی شکل میں ہی قابلِ قبول ہو گی۔
- قانون کے تحت آرٹی آئی کمپلینٹ یا اپیل ابتدائی آرٹی آئی درخواست کی دائر گی سے 14 ورکنگ ایام کے بعد ہی قابلِ کاروائی سمجھی جاتی ہے۔
- کمیشن ہر شہری کو نئی آرٹی آئی کمپلینٹ یا اپیل کی رسید وصولی معہ الاٹ شدہ اپیل نمبر بذریعہ ٹیکسٹ میسج یا ای میل اندر دو یوم ارسال کرتا ہے۔
- آرٹی آئی کمپلینٹ یا اپیل دائر یا رجسٹر ہونے کے تین یوم کے بعد آپ اپنی کمپلینٹ کی کاروائی یا status کمیشن کی ویب سائٹ (rti.punjab.gov.pk/cases) پر اپنے فون نمبر یا کمپلینٹ نمبر کے ذریعہ معلوم کر سکتے ہیں۔

**رجسٹرار**

بحکم پنجاب انفارمیشن کمیشن